URAAN PAKISTAN

CDA CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY

کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی

ڈائریکٹوریٹ جنرل بلڈنگ و ہاؤسنگ کنٹرول

انتباہ/اطلاع عام

عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ سی ڈی اے آرڈیننس 1960 اور بلڈنگ ریگولیشن کے تحت اسلام آباد کی حدود میں کسی بھی قسم کا تعمیراتی کام سی ڈی اے سے منظوری کے بغیر شروع کرنا ممنوع ہے اور اس ضمن میں سی ڈی اے ہی نقشہ جات کی منظوری کے لیے مجاز ادارہ ہے۔ اس سلسلے میں مروجہ بلڈنگ قوانین کے باقاعدہ اطلاق 2019 سے جاری ہے۔ جن کی معلومات سی ڈی اے کی ویب سائٹ یا ڈائریکٹر جنرل بلڈنگ و ہاؤسنگ کنٹرول کے دفتر سے کی جاسکتی ہے۔

2۔ اسلام آباد کے زون 2، زون 4 اور زون 5 کے منصوبہ بند و غیر منصوبہ بند علاقوں کے رہائشی اپنی تعمیرات کی منظوری کے لیے سی ڈی اے سے رجوع کریں اور کسی بھی قسم کی تعمیراتی سرگرمیوں کا آغاز سی ڈی اے سے نقشے کی منظوری کے بغیر شروع مت کریں۔

3۔ مزید ازاں آئیسکو و سوئی نادرن گیس اور دیگر متعلقہ سہولیات فراہم کرنے والے محکموں اور کمپنیوں کو بھی ہدایت کی جا چکی ہے اور اس نوٹس کے توسط سے پھر ہدایت کی جاتی ہے کہ سی ڈی اے سے نقشہ منظوری کے بغیر زون 2، زون 4 اور زون 5 میں کسی عمارت کو یوٹیلیٹی سہولیات مہیا نہ کریں۔

4۔ زون 2، زون 4 و زون 5 میں تجارتی اور رہائشی منصوبوں کے مالکان اور خواہش مند حضرات کو اس نوٹس کے ذریعے آخری بار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ غیر قانونی / غیر منظور شدہ تعمیرات کو فوری طور پر روک دیں۔

نیز وہ تمام افراد جو غیر منظور شدہ رہائشی/تجارتی عمارات تعمیر کر چکے ہیں وہ ان کا قبضہ نہ لیں اور فی الفور سی ڈی اے سے نقشہ جات کی منظوری لیں۔

برائے رابطہ/معلومات

ڈائریکٹوریٹ جنرل بلڈنگ و ہاؤسنگ کنٹرول سی ڈی اے

1۔ واٹس ایپ نمبر: 03709353317 2۔ ای میل: dgbhccda@hotmail.com

3۔ ٹیلی فون نمبر: 051-9252103 4۔ سی ڈی اے ویب سائٹ: cda.gov.pk

5۔ ایڈریس: سی ڈی اے فیسلیٹیشن سنٹر یاسمین روڈ سیکٹر G-7/2 اسلام آباد

PID(I) 5612/24